SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

February 4, 2022

فن ٹیک NBFCs کے آن لائن چھوٹے قرضوں کی مالیت 6 ارب روپے سے تجاوز کر گئی: ایس ای سی پی

اسلام آباد (4 فروری) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے نان بینکنگ فنانشل انسٹی ٹیوشنز کے لئے ڈیجیٹل لینڈنگ (چھوٹے قرضوں کی فراہمی) کی نئی پالیسی ملک میں مالیاتی شمولیت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ ایس ای سی پی سے لائسنس یافتہ چھ فن ٹیک این بی ایف سیز نے گزشتہ تین سالوں میں ساڑھے تین لاکھ صارفین میں مجموعی طور پر 6 ارب روپے کے چھوٹے قرضے تقسیم کئے۔

ڈیجیٹل ذرائع سے فوری طور پر چھوٹے قرض فراہم کرنے والی ان کمپنیوں کے قرض دہندگان کی تعداد ساڑھے تین لاکھ سے زائد ہے جب کہ نئے درخواست گزاروں میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ ڈیجیٹل ذرائع سے فوری قرض فراہم کرنے والی این بی ایف سیز ایک ہزار روپے سے لیکر اسی ہزار روپے تک کے قرضے فراہم کر رہی ہیں۔

ایس ای سی پی نے گزشتہ تین سالوں میں ڈیجیٹل ذرائع سے قرض فراہم کرنے کے چھ لائسنس جاری کئے۔ انڈسٹری سے حاصل کردہ اعداد و شمار کے مطابق ان کمپنیوں کے صارفین کی تعداد 365,239 ہے جن کو 858,998 قرضے جاری کئے گئے جن کہ کل مالیت 6,139 ملین روپے سے زائد ہے۔ ڈیجیٹل ذرائع سے جاری کردہ ان قرضوں کا اوسط سائز 1,000 سے 80,000 روپے تک ہے۔

نئے لائسنس یافتہ ڈیجیٹل قرض دینے والے این بی ایف سیز میں فنجا لینڈنگ سروسز، سیڈ کریڈ فنانشل سروسز، قسط پے، تیز فنانشل سروسز، کیشیو فنانشال سروسز اور کریڈٹ فکس فنانشل سروسز شامل ہیں۔ یہ نان بینکنگ فنانشل کمپنیاں صارفین کو ڈیجیٹل ذرائع سے فوری طور پر چھوٹے قرض فراہم کرنے کی سروسز دیتی ہیں، جن میں نینو لون، پیئر ٹو پیئر (P2P) قرضہ اور Buy-Now-Pay-Later وغیرہ کے بزنس ماڈل استعمال کئے جا رہے ہیں۔

ایس ای سی پی ملک میں مالی شمولیت کو فروغ دینے کے لیے جدید کاروباری ماڈلز کی حوصلہ افزائی کر رہا ہے اور کاروبار کرنے میں آسانی فراہم کرنے کے لئے تسلسل سے ریگولیٹری اصلاحات کو یقینی بنا رہا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005